حصہ الف (کثیر انتخابی سوالات)

سوال ۱۔ مندرجہ ذیل سوالات کے درست جواب کا انتخاب کیجئے۔

۱۔ کسی ملک یا علاقے کو پوری طرح سمجھنے کیلئے وہاں کی ______ سے واقفیت ضروری ہے۔

(الف) تہذیب (ب) رسم ورواج (ج) زبان (د) ثقافت

۲۔ 1914ء سے پہلے لیبیا پر ______ کی حکومت تھی۔

(الف) اٹلی (ب) فرانس (ج) برطانیہ (د) ترکی

۳۔ ''حاکم'' کلمہ اسم ہے جس سے کلمہ صفت ______ بنا ہے۔

(الف) حکم (ب) حاکمیت (ج) حاکمانہ (د) محکم

۴۔ جمن کا گاؤں کا نام تھا۔

(الف) شانتی نگر (ب) عزت نگر (ج) سحرش نگر (د) نسیم نگر

۵۔ متعصب کی مثال ______ کی سی ہے۔

(الف) جاہل (ب) مغرور (ج) جانور (د) حاسد

۶۔ آن بان سے مراد ہے۔

(الف) شان وشوکت (ب) رہن سہن (ج) مال ودولت (د) شکل وصورت

۷۔ بہادر یار جنگ نے بڑی ______ زندگی گزاری۔

(الف) مصروف (ب) شاہانہ (ج) سادہ (د) امیرانہ

۸۔ سبق آتش بازی کے مصنف ______ ہیں۔

(الف) سرسید احمد خان (ب) ابوالخیر کشفی (ج) ڈپٹی نذیر احمد (د) مولفین

۹۔ صُفہ سے مراد ہے۔

(الف) بیٹھک (ب) حجرہ (ج) چبوترہ (د) ان میں سے کوئی نہیں

۱۰۔ رمضان ______ ھ میں مکہ فتح ہوا۔

(الف) 7 (ب) 8 (ج) 9 (د) 10

۱۱۔ قائداعظم ______ کو دوست اور سچا ہمدرد سمجھتے تھے۔

(الف) علامہ اقبال (ب) بہادر یار جنگ (ج) لیاقت علی خان (د) سردار عبدالرب نشتر

۱۲۔ جرمن سیاح افریقہ کے جنگلوں سے ______ لایا تھا۔

(الف) ہاتھی (ب) بندر (ج) شیر (د) زرافہ

۱۳۔ پاکستان ہمارا گھر ہے اور ہم اس گھر کے ______ ہیں۔

(الف) محافظ (ب) خیرہ خواہ (ج) محبت کرنے والے (د) افراد

۱۴۔ ابن مریم سے مراد ہے؟

(الف) حضرت ایوب علیہ السلام (ب) حضرت موسیٰ علیہ السلام

(ج) حضرت عیسیٰ علیہ السلام (د) حضرت ابراہیم علیہ السلام

۱۵۔ جمن کا انتقال کس بیماری میں ہوا۔

(الف) ٹائیفائیڈ (ب) ملیریا (ج) دمہ (د) نمونیا

حصہ ب (مختصر جواب کے سوالات)

نوٹ۔ مندرجہ ذیل سوالات میں سے کسی بھی نو سوالات کے جواب دیں۔ ہر سوال کے چار نمبر ہیں۔

سوال ۲۔ وہ کونسی پانچ باتیں ہیں جو اسلام کا اصل عقیدہ ہیں؟

سوال ۳۔ ہمیں اپنے وطن پاکستان سے اپنی محبت کا اظہار کس طرح کرنا چاہیے؟

سوال ۴۔ خلیفہ سلیمان بن عبدالملک اپنی موت کے وقت کس بات پر افسوس کر رہا تھا؟

سوال ۵۔ فاطمہ بنت عبداللہ نے اللہ کی راہ میں کس طرح اپنی جان قربان کی؟

سوال ۶۔ مرزا غالب کی شخصیت میں کیا خوبیاں تھیں؟

سوال ۷۔ جو لوگ ہمت ہار جاتے ہیں ان کا کیا حال ہوتا ہے؟

آن جستجو مشغلہ فارغ

سوال ۱۱۔ خواجہ حسن نظامی نے اپنی بیٹی کو لکھنے پڑھنے کے بارے میں کیا نصیحت فرمائی؟

سوال ۱۲۔ نظام دکن نے محمد بہادر یار جنگ کا خطاب کیوں دیا؟

سوال ۱۳۔ جمن کو برادری کی غلط رسموں سے کس طرح نجات ملی؟

حصہ ج (تفصیلی جواب کے سوالات)

نوٹ۔ مندرجہ ذیل سوالات میں سے کسی بھی تین سوالات کے جواب دیں۔ ہر سوال کے 08 نمبر ہیں۔

سوال ۱۴۔ مندرجہ ذیل جز کی تشریح بحوالہ سبق لکھیں۔

''دنیا میں کوئی قوم ایسی نہیں ہے جس نے خود ہی تمام کمالات اور تمام خوبیاں اور خوشیاں حاصل کی ہوں بلکہ ہمیشہ ایک قوم نے دوسری قوم سے فائدہ اٹھایا ہے۔

سوال ۱۵۔ مندرجہ ذیل اشعار کی تشریح کیجئے۔

(الف) بشر کو ہے لازم کہ ہمت نہ ہارے جہاں تک ہو کام آپ اپنے سنوارے

(ب) مراجی ہے جب تک تری جستجو ہے زباں جب تلک ہے یہی گفتگو ہے

سوال ۱۶۔ کسی ایک سبق کا خلاصہ لکھئے۔ حق کا پیغام ہم سب ایک ہیں۔

سوال ۱۷۔ اپنے دوست کو خط لکھ کر اپنے بھائی کی شادی میں شریک ہونے کی دعوت دیجئے۔

سوال ۱۸۔ نظم ''حضرت ابوبکر صدیقؓ'' کا خلاصہ اپنے الفاظ میں بیان کریں۔

یا مرزا غالب کی زندہ دلی اور حاضر دماغی کا کوئی ایک واقعہ بیان کیجئے۔